16/04/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مشاہد حسین سے خبریں سُنئے

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ بائیو مینو فیکچرنگ میں جدید صلاحیتوں سے کاشت کاری میں مثبت بدلاو اور پیداوار میں اضافہ ممکن ہو اہے ۔

پروگرام سے بھارت کا BIOE3 “ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کے ”کھیتوں سے مستقبل تک جیو انقلاب ممکن ہو پا رہا ہے ، جس سے خام بائیو وسائل کو اعلیٰ قیمت والی مصنوعات میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔

وزیر اعلیٰ

ترقی اور عوامی بہبودکو ان کی حکومت میں مرکزیت حاصل ہے۔ Connectivity وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے کہا ہے کہ

روہمو پلوامہ میں نالہ رومشی پر دو گلیاروں والے پل کا افتتاح کرنے کے موقعہ پر انہوں نے کہا کہ اس پل کا افتتاح خطہ کے لوگوں کی زندگی میں آسانی پیدا کرنے کی سمت میں ایک قدم ہے۔

ملاقات LG

ابھیان کی ایک وفد نے ڈاکٹر للن شرما کی سربراہی میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ وفد نے لیفٹیننٹ Ekal گورنر کو تعلیم اور مہارت کے ترقیاتی شعبوں اور تنظیم کے ذریعہ چلائے جا رہے دیگر عوامی فلاح و بہبود کے پروگراموں کے بارے میں آگاہ کیا۔

سابق وزیر اور بی جے پی کے سینئر لیڈر اِنجینئر عبدالغنی کوہلی نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی۔

IGP

کشمیر وی کے بردی نے پولیس کنٹرول روم سرینگر میں ایک اعلیٰ سطحی سیکورٹی میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ IGP میں موجودہ سیکورٹی صورتحال اور مختلف سیکیورٹی ایجنسیوں میں باہمی تعاون کو یقینی بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔ میٹنگ میں مختلف سیکورٹی ایجنسیوں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

آئی جی پی کشمیر نے انٹلیجنس نیٹ ورک کو مستحکم کرنے اور حساس مقامات پر مزید نگرانی کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ طے شدہ ایس او پیز پر سختی سے عمل کریں۔

پولیس

کو proficiency جموں و کشمیر پولیس کے لئے کل ڈسٹرکٹ پولیس لائینز جموں میں 12 ہفتوں پر مشتمل فنگر پرنٹ سائنس رس شروع ہوا ۔ یہ کورس نیشنل کرائم ریکارڈس بیورو کے سینٹرل فنگر پرنٹ ڈویژن کے اشتراک سے منعقد کیا جارہا ہے سسٹم Identification اور اس میں شرکت کرنے والے پولیس اہلکاروں کو فنگر پرنٹ نالیج اور نیشنل آٹومیٹڈ فنگر پرنٹ ہیڈ کوارٹرس ایم کے سنہا کورس کی ADGP سے متعلق جانکاری دی جائے گی۔ جموں کشمیر پولیس کے NAFIS یعنی افتتاحی تقریب پر مہمان خصوصی تھے۔

درخشاں

جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیئر پرسن اور سینئر بی جے پی لیڈر ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے کہا ہے کہ وادی کو ریل کے ذریعے ملک کے دیگر حصوں سے جوڑنا ایک تاریخی لمحہ ہوگا۔ انہوں نے کہا ہے کہ اس سے وادی میں ترقی کا ایک نیا دور شروع ہوگا۔

حج

بھارت کے2025کے حج کوٹے میں اضافہ کر کے ایک لاکھ75 ہزار کر دیا گیا ہے-2014 میں یہ تعداد ایک لاکھ36 ہزار تھی- ایک سوشل میڈیاپوسٹ میں اقلیتی امور کی وزارت نے بتایا ہے کہ وہ اصل کوٹے کے تحت اس سال ایک لاکھ22ہزار سے زیادہ عازمین حج کےلئے بھارت کی حج کمیٹی کے ذریعے انتظامات کررہی ہے- وزارت نے بتایا ہے کہ سعودی عرب کے رہنما خطوط کے مطابق پروازوں، ٹرانسپورٹ، رہائش اور خدامات سمیت سبھی ضروری تیاریاں مکمل Mina Camps کر لی گئی ہیں-

ٹولپ گارڈن

سرینگرمیں قائم باغ گلِ لالہ مینان دنوں سیلانیونکی جوق در جوق آمد کا سلسلہ جاری ہے ۔ کل 26 ہزار 622 سیلانیوں نے ایشیا کے اس سب سے بڑے ٹولپ گارڈن کی سیرکی ۔

اس طرح اس سال باغ کے کھولے جانے سے کل شام تک مجموعی طور پر 6 لاکھ98 ہزار سے زیادہ سیاح ٹولپ گارڈن کا نظارہ کر چکے ہےں ۔

ان میں مقامی ، ملکی اور غیر ملکی سیاح شامل ہیں-

شوپیان

شوپیان ایڈوکیٹ شبیر احمد کُلے نے چار کروڑ 98 MLA شوپیان کے ملحقہ علاقوں میں جامع ترقی کو فروغ دینے کے لئے لاکھ روپے کی لاگت کے ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھا ۔

موصوف نے کہا کہ بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے سے ہی کلہم اور پائیدار ترقی ممکن ہو سکتی ہے ۔ MLA اس موقعہ پر

سائیکل

اسٹیٹ بینک آف انڈیا اور ڈائریکٹوریٹ آف اسکول ایجوکیشن کشمیر نے مختلف اضلاع کے قابل طالب علموں میں مفت سائیکلیں تقسیم کیں ۔ ان بچوں کا تعلق معاشی طور پر کمزور ورگوں سے ہے ۔

اس موقع پر ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن نے کہا کہ محکمہ طلباءکو مختلف سہولیات کی فراہمی کے لئے ہر سطح پر اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

بانڈی پورہ

اسکیم کے تحت مینجمنٹ ڈیولپمنٹ پروگرام RAMP جموں و کشمیر انٹرپرینیورشپ ڈیولپمنٹ انسٹی ٹیوٹ نے بانڈی پورہ میں کا انعقاد کیا۔

پروگرام کا افتتاح کرنے کے بعد ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے کہا کہ خود انحصاری اور مقامی معاشی ترقی کو آگے بڑھانے میں اس طرح کے پروگراموں کی ضرورت نا گزیر بن گئی ہے ۔

اطلاع

گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر کی اطلاع کے مطابق جونیئر گریڈ نرسز کا تحریری امتحان بیس اپریل کو منعقد کیا جائے گا۔

تحریری امتحان صبح گیارہ بجے سے ایک بجے تک مختلف مراکز پر لیا جائے گا ، جس کی تفصیلات محکمہ کی ویب سائٹ www.gmcs.ac.in پر دستیاب ہیں-

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ